10/06/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں...اعجازہ اختر

مودی

مختلف ممالک کے لیڈروں نے وزیر اعظم نریند ر مودی کو ملک کے وزیر اعظم کی حیثیت سے سب سے طویل مدت تک اپنی خدمات انجام دینے پر مبارکباد دی ہے ۔ واضح رہے وزیر اعظم نے 26مئی 2014کو وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالا تھا اور ان کی مدت کار آج کی تاریخ تک چار ہزار 3سو99دن ہو گئی ہے ۔۔

گڈکری

مکمل ہوا ہے -Breakthroughسرینگر لیہہ قومی شاہراہ پر تعمیر ہو رہی زوجیلہ ٹنل کا حتمی کا کام سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہونکے مرکزی وزیر نتن گڈکری کی موجودگی Breakthrough میں انجام دیا گیا۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا، وزیراعلیٰ عمر عبداللہ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی اس موقعے پر موجود تھے۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ جدید سہولیات سے لیس اس ٹنل کی تکمیل سے لداخ کے لوگوں کو ہر موسم میں عبور و مرور کی بہتر سہولیات دستیاب ہونگی ۔

ایل جی

کو جمونو کشمیر اور لداخ Breakthrough اس موقعے پرلیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ٹنل کے کے درمیان رابطوں کو مستحکم کرنے اور ترقی کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کےلئے کلیدی نوعیت کا قرار دیا۔

وزیر اعلیٰ

کے بعد وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ یہ پروجیکٹ مکمل ہونے Breakhthrough ٹنل کے سے نا ساز گار موسمی صورتحال کے دوران بھی لوگوں کو آنے جانے کی سہولیات دستیاب ہونگی نیز کشمیر اور لداخ میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو گا ۔

نشہ مہم

جموں کشمیر کو نشہ کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے جموں کشمیر نشہ مکت ابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیں۔ابھیان کی شروعات کے موقعے پرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے خلاف ایک واضح پیغام میں کہا۔

بڈگام

ضلع بڈگام میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے سلسلے میں کل تحصیل ماگام کے کانہامہ اور ضلع پورہ علاقوں میں نشہ مکت جانکاری پروگراموں کا اہتمام کیا گیا ۔ اس BKکے بی وڈون اور دوران لوگوں کو جانکاری دی گئی کہ وہ اپنے آپ کو نشے سے دور رکھیں۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے سرحدی علاقوں میں در اندازی کو روکنے کیلئے لینڈ پورٹ منیجمنٹ سسٹم کا ایک تقریب کے دوران افتتاح کیا۔وزیر داخلہ نے امید ظاہر کی کہ اس جدید سرولنس سسٹم سرحدونپر در اندازی روکنے مینکار آمد ثابت ہوگا۔

شیو راج

مرکزی سرکار نے ملک میں دیہی ترقی کیلئے ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم کا منصوبہ تیار کیا ہے ۔ دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سرکار نے ایم جی نریگا کے تحت پہلے ہی 30ہزار کروڑ روپے کی رقم تفویض کی ہے۔ انہوں نے کہاکہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام خطوں کو 95ہزار692کروڑ روپے کا عبوری بجٹ واگزار کیا گیا ہے اور اس طرح تفویض شدہ کل رقم ایک لاکھ کروڑ روپے سے تجاویز کر گئی ہے ۔ یہ بات کے دیہی ترقی کے وزراءکے ساتھ ایک ورچول UTs وزیر موصوف نے سبھی ریاستوں اور ایکٹ کی عمل آوری کیلئے تیاریوں کا G-RAM-G میٹنگ کے بعد کہی، جس میں وکست بھارت جائزہ لیا گیا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے مون سون سیزن کے دوران امکانی بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مختلف محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے حساس علاقوں کے تعلق سے صورتحال کا چارہ کرنے کیلئے ایک منظم نقش راہ تیار کرنے کی ہدایت دی۔ انہوںنے کہا کہ کسی بھی صورتحال میں انسانی مال و جان کے تحفظ کو ترجیح دی جانی چاہئے ۔

اروند

پیکیج کے تحت کام کرنے والے سبھی PMریلیف اینڈ ریہبلیٹیشن کمشنر ڈاکٹر اروند کارروانی نے ملازمین کو یقین دلایا ہے کہ انہیں اگلے ماہ تک رہائشی سہولیات فراہم کی جائیں گی ۔یہ بات انہوننے جنوبی ، شمالی اور وسطی کشمیر میں ان ملازمین کیلئے تعمیر کئے جار ہے رہائشی فیلٹس پر جاری کام کا جائزہ لینے کیلئے اپنے دورے کے اختتام پر کہی۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ مذکورہ ملازمین کیلئے تعمیر کئے جا رہے فلیٹس پر کام تقریبا مکمل کیا جا چکا ہے ۔

DCاننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے چھترگل کا دورہ کرکے محرم الحرام کی آمد کے سلسلے میں مختلف محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوننے ایام محرم کے دوران مجالس اور عزاداری کے جلوسوں کے احسن انعقاد کیلئے تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔

DCکولگام

کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے ضلع کے منزگام علاقے میں واقع ماتا کھیر بھوانی استھا پن کا دورہ کرکے وہاں مذہبی تقریب کے انعقاد کیلئے کئے گئے انتظامات کاجائزہ لیا۔ انہوننے شردھالووں کی سہولت کیلئے مختلف محکموں کے ما بین قریبی تال میل پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مندر انتظامیہ کمیٹی کے ممبران کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہیں ضلع انتظامیہ کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ